علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلامی ریاست ونظام حکومت کے بنیادی اصول وتصورات (2970) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ ریاست کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کریں، نیز اسلامی مفکرین کے نزدیک ریاست کے تصور کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ میثاقِ مدینہ کو دنیا کا پہلا تحریری دستور کیوں کہا جاتا ہے؟ اس کی بنیادی خصوصیات اور ریاستِ مدینہ کے قیام میں اس کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلام کے سیاسی نظریات کی وضاحت کریں نیز اسلامی سیاست میں حکمرانی کی نوعیت، شوریٰ کی اہمیت اور اقتدار کے حصول کے تصور پر بھی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ خلفائے راشدین (حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ) اور حضرت امیر معاویہؓ کے ادوار میں نظم و نسق کے ارتقاء کا تقابلی جائزہ پیش کریں، خصوصاً فوج، مالیات، عدل، مراسلات اور رفاہی ریاست کے حوالے سے۔ (20)

سوال نمبر5۔ دنیا میں رائج اہم سیاسی نظاموں بادشاہت، اشرافیہ اور جمہوریت کا تعارف کروائیں اور جمہوریت کی فکری اساس بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ خلیفہ کی صفات اور امامت کی شرائط بیان کریں اور واضح کریں کہ یہ شرائط اسلامی ریاست کے استحکام میں کس طرح معاون ہیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نبی اکرم ﷺ اور خلفائے راشدین کے دور میں شوریٰ کے عملی نفاذ کی مثالیں بیان کریں اور واضح کریں کہ یہ نظام کس طرح فیصلوں میں رہنمائی کا ذریعہ بنا۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی ریاست میں مختلف وزارتی اداروں کے فرائض بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ معاشی عدل اسلامی مالیاتی پالیسی کا بنیادی مقصد کیوں ہے؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ قرآن و سنت کی روشنی میں احتساب کی مشروعیت ثابت کریں اور رسول اللہ ﷺ کی سیرت سے احتساب کی عملی مثالیں بیان کریں۔ (20)